## سوال

حی علی الصلوۃ کا معنی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اذان میں جو حی علی الصلوۃ کے الفاظ ہیں، ان کا مطلب ہے نماز کےلئے آؤ۔ کیا دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نماز پر زندہ رہو۔ ؟ کیونکہ حی کا لفظ حیات اور زندگی کےلئے بھی بولا جاتا ہے۔ ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لفظ حی اسم فعل ہے جو عربی زبان میں أقبل (آنے ) کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ یہاں اس کا یہی معنی واضح ہے کہ نماز کےلئے آؤ۔ جبکہ دوسرے معنی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اگر یہ لفظ بطور اسم فعل استعمال نہ ہوتا تو زندگی کا معنی بھی کیا جا سکتا تھا لیکن یہاں آنے کا معنی ہی مراد ہے۔ اگرچہ نماز سمیت شریعت کے تمام احکام ہی انسان کی بہتر زندگی کا ذریعہ ہے اور انسان کو اپنی تمام زندگی شریعت کے مطابق ہی گزارنی چاہیئے اور شریعت پر ہی زندہ رہنا چاہیئے، مگر یہاں یہ مفہوم مراد نہیں ہے۔ کیونکہ اگر ہم یہ مفہوم مراد لے لیتے ہیں تو اس کا مطلب ہو گا کہ نماز کے ساتھ ایک تعلق رکھو، اسی پر زندہ رہو، مگر اس میں نماز باجماعت کی پابندی پر سوالیہ نشان لگ جائے گا جو شریعت کی تمام تعلیمات کے منافی امر ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب